ہنزہ اور نگر کے علاوہ اگر ہم چلاس کا مطالعہ کریں تو وہاں کے حاکم بھی اکثر اپنے ارد گرد کے علاقوں پر حملے کرتے رہتے تھے۔ 1850ء تک وہ استور کی وادی میں گھس کر لوٹ مار کرتے رہتے تھے۔ 1851-1852ء میں گلاب سنگھ نے وہاں اپنی فوج بھیج کر انہیں اپنی عملداری میں رکھنے کی کوششیں کیں۔ 1869ء میں چلاس کا کشمیر دربار سے ایک معاہدہ طئے پا گیا۔ 1889ء میں گلگت ایجنسی کے قیام کے بعد تھور کے علاوہ چلاس کے باقی قبائل برطانوی پولیٹیکل ایجنٹ کے ماتحت آ گئے اور طئے پا گیا کہ ان علاقوں میں کشمیر دربار انگریزوں کی اجازت کے بغیر کوئی کاروائی نہیں کر سکے گا۔ 1892ء میں غور جانے والے ایک برطانوی سفارتی مشن پر چلاس کی جانب سے حملے کے نتیجے میں انگریزوں نے چلاس پر قبضہ کر لیا۔ تاہم اس کی آزادی برقرار رکھتے ہوئے اور وہاں اپنا پولیٹیکل آفیسر مقرر کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنایا کہ وہاں کشمیر دربار کا فوجی دستہ محفوظ رہے اور شاہراہوں کی تعمیر میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ 1897ء میں طئے پایا کہ چلاس کی تمام زیرِ قبضہ زمینیں انہیں لوٹا دی جائیں۔ چلاس کی جانب سے کشمیر دربار کو دیئے جانے والے سالانہ نذرانے میں بھی کمی کر دی گئی۔ تاہم چلاس میں مخصوص قانونی اختیارات کے ساتھ پولیٹیکل ایجنٹ کا تقرر منظور نہیں کیا گیا اور چلاس نے واضح کیا کہ اندرونی انتظامات پہ چلاس کے عوام کا ہی حق ہے۔ چلاس کی دو اور تحصیلیں تھور اور غور بھی ڈوگرہ فوج کے چلاس پہ قبضے کے بعد کشمیر دربار کو نذرانہ دیتی تھیں۔ 1894ء میں برطانوی پولیٹیکل آفیسر کے دورے کے موقع پر تھور کے باشندوں نے برطانیہ سے اپنی وفاداری کا اظہار کیا۔

گلگت کے ایک اور ڈسٹرکٹ 'پنیال' پہ 1860ء میں ڈوگرہ نے قبضہ کر کے راجہ عیسیٰ بہادر کو گدی پہ بٹھا دیا تھا۔ اس کی موت کے بعد اس کا بیٹا راجہ محمد اکبر خان گدی پہ بیٹھا۔ 1889ء میں گلگت ایجنسی کے قیام کے بعد اس نے انگریزوں کیلئے کئی خدمات انجام دیں اور اسے خان بہادر کا خطاب ملا۔ جب 1977ء میں برطانیہ کی طرف سے پولیٹیکل ایجنٹ گلگت بھیجا گیا تو گلگت کے دیگر ڈسٹرکٹ یاسین، کوھ، گذر اور اشمان پہ چترال سے تعلق رکھنے والے مہتر پہلوان بہادر کی حکمرانی تھی اور وہ کشمیر دربار کو نذرانہ دے رہا تھا۔ 1880ء میں اس نے پنیال پہ حملہ کر دیا۔ اس کی غیر موجودگی میں چترال کے امان الملک نے ان تمام اضلاع پہ قبضہ کر لیا اور

کشمیر دربار کی اجازت سے ان کی عملداری مختلف افراد میں تقسیم کر دی۔ 1895ء میں انگریزوں نے یہ تمام علاقے براہِ راست اپنی نگرانی میں لے لئے۔ یہاں گورنروں کا تقرر کر دیا گیا اور تمام انتظامات تنخواہ دار ملازمین کے حوالے کر دیئے گئے۔ آمدنی کا کچھ حصہ کشمیر دربار کو نذرانے کے طور پر دیا جاتا رہا۔

1905ء میں گلگت ایجنسی 6 ضلعوں پر مشتمل تھی۔ گلگت وزارت، ہنزہ و نگر، شنکائی آف چلاس ڈسٹرکٹ، پنیال یاسین (بشمول، کوہ اور گذر) اور اشکمان۔ ان اضلاع میں سے گلگت وزارت مکمل طور پر کشمیر دربار کے زیر انتظام تھی، جبکہ پنیال کے علاوہ باقی اضلاع اگرچہ کشمیر دربار کو کسی نہ کسی شکل میں کچھ نذرانہ دیتے تھے، تاہم اندرونی طور پر آزاد تھے اور وہاں پولیٹیکل ایجنٹ تعینات تھے۔ پنیال بھی گو کہ اندرونی طور پہ آزاد ضلع تھا مگر وہاں کے سنگین نوعیت کے جرائم کی تحقیقات پولیٹیکل ایجنٹ کی سفارش پر کشمیر دربار کے نمائندے کرتے تھے۔

یہاں پہ یہ تذکرہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ خارجہ امور کے خط نمبر 1800، مؤرخہ 24 جولائی 1901ء کے مطابق حکومتِ ہند نے قرار دیا کہ ہنزہ، نگر، چلاس، یاسین، کوہ، گذر اور اشکمان کشمیری علاقے نہیں ہیں۔ اگرچہ ان پہ کشمیر دربار کا تسلط ہے مگر کشمیر دربار کو ان علاقوں کے اندرونی معاملات میں مداخلت کا حق نہیں ہے۔

The Government of India have ruled that the districts of Hunza, Nagar, and Chilas, and the Khushwakt districts mentioned above, are not Kashmir territory, though they are under the suzerainty of Kashmir, and consequently Kashmir State officials are not permitted to interfere directly in their internal administration.

(Foreign Department's letter No. 1800, dated the 24th July 1901. addressed to British Resident, Sir A. Talbot).

چترال 1878ء سے کشمیر دربار کی باجگزاری میں آچکا تھا۔ ہنزہ اور نگر کی طرح یہ بھی ریاست تھی اور اس کا حاکم مہتر کہلاتا تھا۔ 1895ء میں چترال میں ہونے والی خانہ جنگی سے پیدا ہونے والی صورتحال اور افغانستان کی جانب سے ہونے والی مسلسل مداخلت کا قلع قمع کرنے کیلئے برطانوی فوج نے تقریباً ڈیڑھ ماہ کی طویل اور مشکل جدوجہد کے بعد چترال کا کنٹرول سنبھال لیا۔ ابتدا میں یہاں تعینات کئے جانے والے پولیٹیکل ایجنٹ کو گلگت ایجنسی کے تابع رکھا گیا مگر کچھ روز کے بعد سوات اور دیر کو چترال کے ساتھ ملا کر مالاکنڈ ایجنسی تشکیل دے دی گئی۔ چترال کو قبضے میں رکھنے کیلئے برطانوی ہند کو بھاری اخراجات اٹھانے پڑ رہے تھے مگر دفاعی نکتۂ نظر سے اس کو ضروری گردانتے ہوئے برطانیہ کو یہ کڑوا گھونٹ پینا پڑ رہا تھا۔

گلگت وزارت اگرچہ براہِ راست کشمیر دربار کے ماتحت تھی مگر گلگت چونکہ ایجنسی کا ہیڈ کوارٹر بھی تھا اس لئے وہاں پہ وزیر وزارت کے ساتھ برطانوی پولیٹیکل ایجنٹ بھی موجود تھا۔ اس کی موجودگی میں وزیرِ وزارت کی خود مختارانہ حیثیت متاثر ہوتی تھی اور بعض اوقات احکامات کے معاملے میں ٹکراؤ کی کیفیت پیدا ہو جاتی تھی۔

ڈوگرہ حکومت اس صورتحال سے آزاد ہونا چاہتی تھی۔ انہوں نے 1933ء میں حکومتِ ہند کو دو تجاویز پیش کیں۔

1۔ برطانوی عملہ گلگت کی سرحدوں کو چھوڑ دے اور دفاعی و انتظامی ذمہ داریاں واپس کشمیر دربار کو منتقل ہو جائیں۔

2۔ ریاست اپنی افواج کو سرحدوں سے مکمل طور پر ہٹالے اور گلگت وزارت کے انڈس کے شمال میں واقع علاقوں اور سیاسی کنٹرول والے علاقوں کے انتظامی و دفاعی معاملات برطانوی عملہ سنبھال لے۔

سوچ بچار اور مشوروں کے بعد برطانوی حکام نے دوسری تجویز کو منظور کرتے ہوئے 26 مارچ 1935ء کو مہاراجہ ہری سنگھ سے ایک معاہدہ کرتے ہوئے گلگت وزارت کے ٹرانس انڈس علاقہ جات کو 60 برس کی لیز پر لے لیا۔ یہ بات قابلِ توجہ ہے کہ معاہدے میں صرف گلگت وزارت کا ذکر کیا گیا تھا۔ غالباً اس کا سبب یہ تھا کہ گلگت ایجنسی کے بقیہ علاقے پہلے ہی برطانیہ کے کنٹرول میں تھے۔ معاہدے میں پانچ شقیں شامل تھیں۔ پہلی شق یہ تھی،

”ریاست ہند کے وائسرائے اور گورنر جنرل اس معاہدے کی توثیق کے بعد کسی بھی وقت ریاست جموں وکشمیر کے صوبہ گلگت (کے علاقے) وزارت (جس کا حوالہ مابعد ”مذکورہ علاقہ“ ہوگا) کے شہری وعسکری انتظامات سنبھال سکتے ہیں جو دریائے سندھ کے دائیں کنارے سے باہر واقع ہے، تاہم اس معاہدے میں شامل کسی بھی جز کے باوجود مذکورہ علاقہ جموں وکشمیر کے مہاراجہ کی عملداری میں بدستور شامل رہے گا۔“

یعنی کہ وہ علاقے جو گلگت وزارت کا حصہ تھے ان پر مہاراجہ کا حق برقرار رہے گا۔ گلگت وزارت اور گلگت ایجنسی میں حکومتِ برطانیہ نے امپیریل سروس کے اہلکاروں کی جگہ پر گلگت اسکاؤٹس کو تعینات کر دیا۔

(1) The Gilgit Wazarat, made up of the Tehsils of Astor and Gilgit, and the Niabat of Bunji.
(2) The Punial *jagir*.
(3) The States of Hunza and Nagir.
(4) The Governorship of Yasin, Kuh, and Ghizr; and the Governorship of Ishkaman.
(5) The republican communities of the Chilas district.

برصغیر میں یوں تو ہندوؤں اور مسلمانوں کی سیاسی تنظیمیں آزادی کی تحریک میں سرگرم تھیں، تاہم دوسری جنگِ عظیم شروع ہونے پر حالات میں بہت تیزی کے ساتھ تبدیلیاں رونما ہونا شروع ہوئیں۔ برطانیہ کو مجبور ہو کر برصغیر کی آزادی کا فیصلہ کرنا پڑا۔ 3 جون 1947 کو تقسیمِ ہند کے اعلان کے بعد برطانیہ نے گلگت کی لیز کشمیر دربار کو لوٹانے کا فیصلہ کیا۔ اگرچہ لیز کے معاہدے کے تحت صرف گلگت وزارت کے علاقوں پہ مہاراجہ کشمیر کا حق تسلیم کیا گیا تھا، مگر لیز لوٹاتے وقت حکومتِ برطانیہ نے یکم اگست 1947ء کو گلگت ایجنسی کے تمام علاقے مہاراجہ کے حوالے کر دیئے۔ وہاں سے اپنے پولیٹیکل ایجنٹ کرنل راجر بیکن کو ہٹا دیا اور اس کی جگہ مہاراجہ کے نامزد کردہ گورنر گھنسارا سنگھ نے وہاں کے انتظامات سنبھال لئے۔ اگست کی مذکورہ تاریخ سے لیکر نومبر 1947ء کے دوسرے ہفتہ تک حالات نے بہت سرعت کے ساتھ پلٹا کھایا۔ یہ بات طئے ہے کہ گلگت اور بلتستان ریجن کے باشندے نہ صرف بھارتی الحاق کے خلاف تھے بلکہ انہیں کشمیر دربار کی غلامی بھی قبول نہیں تھی۔ تبدیل ہوتے ہوئے حالات میں ایک عمومی بے چینی کی کیفیت پائی جاتی تھی۔ ایسے میں جب مہاراجہ نے کشمیر کا الحاق بھارت کے ساتھ کیا تو اس کا فوری ردِ عمل سامنے آیا اور گلگت میں مہاراجہ کشمیر کے تعینات کردہ گورنر گھنسارا سنگھ کے خلاف بغاوت ہوگئی اور ایک طرف تو ہنزہ اور نگر نے ریاستوں کی حیثیت میں پاکستان کے ساتھ الحاق کا اعلان کر دیا اور دوسری طرف گلگت میں گھنسارا سنگھ کو گرفتار کر کے وہاں پاکستان کا جھنڈا لہرا دیا گیا۔ ادھر استور اور اسکردو میں مہاراجہ کی فوج کے مسلمان فوجیوں نے علمِ بغاوت بلند کر دیا۔ ان بغاوتوں کے نتیجے میں گلگت ریجن یکم نومبر 1947ء کو جبکہ اسکردو 14 اگست 1948ء کو بھارتی قبضے سے نکل کر پاکستان کے قبضے میں آ گئے۔

ان تمام واقعات کے مرکزی کرداروں میں جو نام سامنے آتے ہیں ان پر تاریخ مرتب کرنے والوں کی تحقیق میں اختلافات پائے جاتے ہیں۔ آج بھی اگر ان علاقوں کا دورہ کر کے وہاں کے لوگوں سے ان واقعات کی شہادت طلب کی جائے جو انہوں نے اپنے بزرگوں سے سنے تو مختلف افراد مختلف لوگوں کے کارنامے بیان کرتے نظر آئیں گے۔ بھارت سے تعلق رکھنے والے اکثر تجزیہ کار تمام دوسرے کرداروں کو چھوڑ کر گلگت اسکاؤٹ کے میجر براؤن اور کیپٹن میتھیسن کو ہی بھارتی نکتۂ نظر سے ان واقعات کا مرکزی ولن بنا کر پیش کرتے ہیں۔ قطع نظر اس بات کے کہ مذکورہ دونوں آفیسرز کا اس بغاوت میں کیا کردار تھا، چونکہ یہ دونوں برطانوی تھے اس لئے بھارتی محققین کو یہ پروپیگنڈا کرنے کا موقع مل جاتا ہے کہ جو کچھ ہوا اس کے پیچھے درپردہ برطانیہ کا ہاتھ تھا۔ حالانکہ جس وقت یہ واقعات

رونما ہوئے اس وقت گلگت اسکاؤٹ براہ راست کشمیر دربار کے احکامات کے تحت کام کر رہی تھی۔ جرمنی سے تعلق رکھنے والے غیر جانب دار محقق پروفیسر مارٹن سوکفیلڈ نے بہت تندہی کے ساتھ ان علاقوں میں رہ کر اپنی تحقیقات مکمل کی ہیں اور وہ بہر حال میجر براؤن کے کردار کو اس انداز میں پیش کرتے ہیں جس نے حالات سے سمجھوتا کرتے ہوئے مجبوراً مسلمانوں کا ساتھ دیا۔ خود میجر براؤن کی شائع شدہ یادداشتیں اور کئی دوسرے بھارتی اور پاکستانی محققین الگ طرح کی منظر کشی کرتے ہیں۔ پاکستان میں سرکاری سطح پر میجر براؤن کو آپریشن دتہ خیل کا مرکزی ہیرو مانا گیا ہے اور ستارۂ پاکستان سے نوازا گیا ہے۔ گلگت یا آپریشن دتہ خیل کے حوالے سے جہاں صوبیدار میجر بابر خان، صوبیدار سیف اللہ بیگ، کیپٹن حسن مرزا اور مقامی لیڈر محمد علی چنگیزی کی تنظیم سر فروشاں کے نام نمایاں ہیں وہیں اسکردو کی فتح میں چترال اسکاؤٹ، چترال اسٹیٹ باڈی گارڈ، اور جموں وکشمیر اسٹیٹ فورسز کے مسلمان اہلکاروں کے علاوہ پاکستانی افواج کے کچھ افسران کا بھی ان واقعات میں اہم کردار تھا۔ تاہم یہاں پہ ہم ان واقعات کی تفصیل میں نہیں جاسکتے کہ یہ موضوع ایک طویل مقالے کا متقاضی ہے اور مختصر تحریر کسی بھی کردار کے ساتھ انصاف نہیں کرپائے گی۔

اب اہم ترین سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان کے شمالی علاقہ جات، گلگت اور بلتستان تاریخی، جغرافیائی اور قانونی اعتبار سے ریاست جموں وکشمیر کا حصہ ہیں یا نہیں۔ اس موضوع پہ بحث کوئی نئی بات نہیں اور اس پہ کتابیں بھی لکھی گئی ہیں اور مقالہ جات بھی لکھے جاتے ہیں۔ مختلف اخبارات ورسائل میں اس حوالے سے مضامین شائع ہوتے رہے ہیں اور اب سوشل میڈیا پہ یہ موضوع زیرِ بحث آتا رہتا ہے۔ ہم نے ایک تفصیلی پس منظر آپ کے سامنے رکھا ہے جو تاریخی وجغرافیائی تعین میں بڑی حد تک مدد فراہم کرتا ہے۔ رہی بات قانون کی تو یہ معاملہ فریقین نے بہت زیادہ الجھا دیا ہے۔ آئے چند معاملات کا جائزہ لیتے ہیں،

1۔ جموں وکشمیر کی ریاست معاہدۂ امرتسر کے نتیجے میں وجود میں آئی تھی۔

2۔ آرٹیکل 1 میں بیان کئے گئے انڈس کے مشرق کی جانب علاقوں کی حدود کا کوئی تعین نہیں کیا گیا۔ اور آرٹیکل 2 میں کہا گیا کہ حدود کا تعین مشترکہ منظوری سے دیا جانے والا ایک کمیشن کرے گا۔

4۔ آرٹیکل 4 میں مہاراجہ کو پابند کیا گیا کہ وہ اپنی حدود میں کوئی بھی ردوبدل برطانوی حکومت کی رضامندی کے بغیر نہیں کرے گا۔

5۔ آرٹیکل 5 کے ذریعہ مہاراجہ کو پابند کیا گیا کہ وہ دیگر ریاستوں کے ساتھ پیدا ہونے والے تنازعات میں حکومت برطانیہ کے فیصلوں کا پابند ہوگا۔

ARTICLE 1.

The British Government transfers and makes over for ever, in independent possession, to Maharajah Golab Sing and the heirs male of his body, all the hilly or mountainous country, with its dependencies, situated to the eastward of the river Indus and westward of the river Ravee, including Chumba, and excluding Lahul, being part of the territories ceded to the British Government by the Lahore State, according to the provisions of Article IV, of the Treaty of Lahore, dated 9th March 1846.

ARTICLE 2.

The eastern boundary of the tract transferred by the foregoing Article to Maharajah Golab Sing shall be laid down by Commissioners appointed by the British Government and Maharajah Golab Sing respectively for that purpose, and shall be defined in a separate Engagement after survey.

ARTICLE 4.

The limits of the territories of Maharajah Golab Sing shall not be at any time changed without the concurrence of the British Government.

ARTICLE 5.

Maharajah Golab Sing will refer to the arbitration of the British Government any disputes or questions that may arise between himself and the Government of Lahore or any other neighbouring State, and will abide by the decision of the British Government.

یہاں میں یہ واضح کرتا چلوں کہ برصغیر کی تاریخ کے صفحات پہ تاجِ برطانیہ کی جانب سے جاری کردہ ایک پروکلیمیشن یا اعلانِ عام ایسا بھی ہے جسے ''انڈین میگنا کارٹا'' یا ''ہندوستانی معاہدۂ عظیم'' کا نام دیا گیا۔ ایک اہم نکتہ جس کو تیکنیکی اعتبار سے پرکھنے کی ضرورت ہے وہ اس معاہدۂ عظیم میں کیا گیا یہ عہد تھا کہ برطانیہ اپنے زیرِ قبضہ علاقوں میں مزید توسیع نہیں کرے گا۔ اس اعلان کے ذریعہ مقامی حکمرانوں کو بھی باور کرایا گیا تھا کہ وہ اپنی اپنی حدود میں رہیں اور دوسری ریاستوں پہ جارحانہ حملوں سے باز رہیں۔ واضح رہے کہ برطانیہ کی ہندوستانی حدود میں قائم ریاستیں اب مکمل طور پر خود مختار نہیں رہی تھیں اور برطانیہ کی جانب سے لاگو کئے گئے قوانین کی پابند تھیں۔ ملکہ برطانیہ کا اعلان اس عمل کا تسلسل تھا جس کے ذریعہ برطانوی پارلیمنٹ نے 2 اگست 1858ء کو گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی منظوری دی تھی جس میں کمپنی بہادر کی حکومت ختم کرتے ہوئے ایسٹ انڈیا کمپنی کے حقوق اور اختیارات تاجِ برطانیہ کو منتقل کر دیئے گئے تھے۔ مگر گلگت بلتستان اور لداخ کی تاریخ بتاتی ہے کہ 1846ء میں ہونے والے معاہدۂ لاہور کے تسلسل میں طئے پائے معاہدۂ امرتسر کے نتیجے میں قائم ہونے والی ریاست جموں وکشمیر کے مہاراجہ کی طرف سے 1858ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے بعد بھی اپنی حدود سے باہر نکل کر دیگر علاقہ جات پر جارحیت کا ارتکاب کیا گیا اور دوسری ریاستوں پر تسلط قائم کیا گیا جس سے برطانیہ نے نہ صرف سرفِ نظر کیا بلکہ درپردہ اسے برطانوی حکومت کی حمایت بھی حاصل رہی۔ یہی نہیں بلکہ کشمیر دربار کے ساتھ امپیریل سروس کے نام سے ایک اتحادی فوج بنا کر جس کی کمان برطانوی افسر کے ہاتھ میں ہوتی تھی انڈس پار کی ریاستوں ہنزہ اور نگر کے علاوہ گلگت کے دیگر علاقوں پر بھی برطانیہ نے اپنا تسلط قائم کیا۔ ملکہ وکٹوریہ کی جانب سے کئے گئے عہد کے اس حصے کا جس میں مزید توسیع نہ کرنے کا عہد کیا گیا تھا کا ترجمہ کیا جائے تو کچھ یوں بنتا ہے،

”ہمیں اپنے موجودہ علاقہ جات (مقبوضات) میں توسیع کی کوئی خواہش نہیں ہے۔ اور جہاں ہم اپنی عملداری اور حقوق حکمرانی پہ کوئی جارحیت قبول نہیں کریں گے وہیں ہم (اپنے زیرِ نگیں) دیگر ریاستوں پہ بھی ایسا کوئی تسلط قبول نہیں کریں گے۔ ہم مقامی حکمرانوں کے حقوق، عظمت اور عزت کا اسی طرح احترام کرتے ہیں جیسے اپنی (حکومت) کا۔ ہماری خواہش ہے کہ وہ اور ہماری اپنی رعایہ خوشحالی اور سماجی ترقی سے لطف اندوز ہوں جو صرف اندرونی امن اور اچھی حکمرانی سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔“

Two Proclamations

On 24 June 1858 a Bill was introduced into the House of Commons and received the royal assent on 2 August. The new Act abolished the Court of Directors of the East India Company and the Board of Control. The British Crown took over direct rule of India.

Such a major change had to be made known to the people of India, and this was done through a proclamation of Queen Victoria on 1 November 1858. The text was translated into seventeen languages, including Burmese, Karen, and Malay, and arrangements were made for it to be read in the presence of the governor-general at his camp at Allahabad, and simultaneously at all other places of importance. Lord Canning, who was to be the first viceroy under the new dispensation, told the last president of the Board of Control that it would be read in English 'and in the vernacular language of the Presidency or Province, not only here at Allahabad and at the three Presidency capitals, but at Lucknow and Lahore, at Peshawar under the Afghan Hills, at Karachi at the mouth of the Indus, and at Rangoon on the Irrawaddy. The proper Salutes and Parades have been ordered; as also two days of Holiday to the Public Offices. At Calcutta and Allahabad there will be Illuminations and Fireworks (the show most congenial to natives) and the same probably at Madras and Bombay'.*

The terms of the proclamation were not received with unqualified enthusiasm. Their sincerity was questioned by one of the surviving rebel leaders, the Begum Hazrat Mahal of Oudh, in a counter-proclamation issued in the name of her son, Birjis Qadr. Her proclamation dissected Queen Victoria's text paragraph by paragraph, and though the sentences read somewhat clumsily in translation, they enshrine the fears and misunderstandings that had led to the outbreak of the rebellion.

QUEEN VICTORIA'S PROCLAMATION

Victoria, by the Grace of God of the United Kingdom of Great Britain and Ireland, and of the Colonies and Dependencies thereof in Europe, Asia, Africa, America, and Australasia, Queen, Defender of the Faith:

Whereas, for divers mighty reasons, we have resolved, by and with the advice and consent of the Lords Spiritual and Temporal, and Commons, in Parliament assembled, to take upon ourselves the

* Canning to Lord Stanley, 19 October 1858.

government of the territories in India, heretofore administered in trust for us by the Honourable East India Company.

Now, therefore, we do by these presents notify and declare that, by the advice and consent aforesaid, we have taken upon ourselves the said government; and we hereby call upon all our subjects within the said territories to be faithful, and to bear true allegiance to us, our heirs and successors, and to submit themselves to the authority of those whom we may hereafter, from time to time, see fit to appoint to administer the government of our said territories, in our name and on our behalf.

And we, reposing our especial trust and confidence in the loyalty, ability and judgement of our right trusty and well-beloved cousin, Charles John, Viscount Canning, do hereby constitute and appoint him, the said Viscount Canning, to be our first Viceroy and Governor-General in and over the said territories, and to administer the government thereof in our name, and generally to act in our name and on our behalf subject to such orders and regulations as he shall, from time to time, receive through one of our Principal Secretaries of State.

And we do hereby confirm in their several offices, civil and military, all persons now employed in the service of the Honourable East India Company, subject to our future pleasure, and to such laws and regulations as may hereafter be enacted.

We hereby announce to the native Princes of India, that all treaties and engagements made with them by or under the authority of the Honourable East India Company are by us accepted, and will be scrupulously maintained, and we look for the like observance on their part.

We desire no extension of our present territorial possessions; and, while we will permit no aggression upon our dominions or our rights to be attempted with impunity, we shall sanction no encroachment on those of others.

We shall respect the rights, dignity, and honour of native princes as our own; and we desire that they, as well as our own subjects, should enjoy that prosperity and that social advancement which can only be secured by internal peace and good government.

We hold ourselves bound to the natives of our Indian territories by the same obligations of duty which bind us to all our other subjects, and those obligations, by the blessing of Almighty God, we shall faithfully and conscientiously fill.

Firmly relying ourselves on the truth of Christianity, and acknowledging with gratitude the solace of religion, we disclaim alike the right and the desire to impose our convictions on any of our subjects. We declare it to be our royal will and pleasure that none be in any wise favoured, none molested or disquieted, by reason of their religious faith or observances, but that all shall alike enjoy the equal and impartial protection of the law; and we so strictly charge and enjoin all those who may be in authority under us that they abstain from all interference with the religious belief or worship of any of our subjects on pain of our highest displeasure.

And it is our further will that, so far as may be, our subjects, of whatever race or creed, be freely and impartially admitted to office in our service, the duties of which they may be qualified by their education, ability, and integrity duly to discharge.

We know, and respect, the feelings of attachment with which the natives of India regard the lands inherited by them from their ancestors, and we desire to protect them in all rights connected therewith, subject to the equitable demands of the State; and we will that generally, in framing and administering the law, due regard be paid to the ancient rights, usages, and customs of India.

We deeply lament the evils and misery which have been brought upon India by the acts of ambitious men, who have deceived their countrymen by false reports, and led them into open rebellion. Our power has been shown by the suppression of that rebellion in the field; we desire to show our mercy by pardoning the offences of those who have been misled, but who desire to return to the path of duty.

Already, in one province, with a view to stop the further effusion of blood, and to hasten the pacification of our Indian dominions, our Viceroy and Governor-General has held out the expectation of pardon, on certain terms, to the great majority of those who, in the late unhappy disturbances, have been guilty of offences against our Government, and has declared the punishment which will be inflicted on those whose crimes place them beyond the reach of forgiveness. We approve and confirm the said act of our Viceroy and Governor-General, and do further announce and proclaim as follows:

Our clemency will be extended to all offenders, save and except those who have been, or shall be, convicted of having directly taken part in the murder of British subjects. With regard to such the demands of justice forbid the exercise of mercy.

Our clemency will be extended to all offenders, save and except those who have been, or shall be, convicted of having directly taken part in the murder of British subjects. With regard to such the demands of justice forbid the exercise of mercy.

To those who have willingly given asylum to murderers, knowing them to be such, or who may have acted as leaders or instigators of revolt, their lives alone can be guaranteed; but in apportioning the penalty due to such persons, full consideration will be given to the circumstances under which they have been induced to throw off their allegiance and large indulgence will be shown to those whose crimes may appear to have originated in too credulous acceptance of the false reports circulated by designing men.

To all others in arms against the Government we hereby promise unconditional pardon, amnesty, and oblivion of all offences against ourselves, our crown and dignity, on their return to their homes and peaceful pursuits.

It is our royal pleasure that these terms of grace and amnesty should be extended to all those who comply with these conditions before the 1st day of January next.

When, by the blessing of Providence, internal tranquillity shall be restored, it is our earnest desire to stimulate the peaceful industry of India, to promote works of public utility and government, and to administer the government for the benefit of all our subjects resident therein. In their prosperity will be our strength, in their contentment our security, and in their gratitude our best reward. And may the God of all power grant to us, and to those in authority under us, strength to carry out these our wishes for the good of our people.*

معاہدۂ امر تسر کے نکات اور ملکۂ برطانیہ کے اعلامیہ کو سامنے رکھ کر میں پورے تیقن سے کہتا ہوں کہ اگر آج بھی برطانوی عدالتوں میں ان معاملات کو اٹھایا جائے تو غالب امکان یہی ہے کہ 1858ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی منظوری اور ملکہ کے اعلامیہ کے بعد مہاراجہ آف کشمیر کی جانب سے کی جانے والی جارحانہ کاروائیوں کی نتیجے میں ہونے والی توسیع اور برطانوی قبضوں کو غیر قانونی قرار دے دیا جائے گا۔

> In 1941 an internal decision binding for administrative purposes summarized the results of a previous discussion for two exemplar principalities in question:
>
> "Hunza and Nagir: - Though these are under the suzerainty of the Kashmir State, they are not part of Kashmir but separate states." (Quotation from the Crown Representative's Records-Indian States Residencies-Gilgit, Chilas, Hunza and Nagir Files (Confidential): Serial No. IOR/ 2/1086/303-Number of Proceedings 17-C/41: Status of Hunza, Nagir...vis-a-vis the Kashmir State: decision that these territories are not part of the Kashmir State [India Office Library and Records, London]. "Globalization Spatial Integration and Sustainable Development in Northern Pakistan by Kreutzmann"

As a result of that contradictory situation, Kreutzmann writes, "the official document of the Pakistan Government distinguishes between Kashmir on the one hand and the Gilgit Agency on the other. This viewpoint is supported by a lengthy historical investigation and legal interpretation within colonial files regarding the status of certain territories in the Gilgit Agency."

28اپریل 1949ء کو کراچی میں ایک سہہ فریقی اجلاس میں طئے کئے جانے والے معاہدے میں کشمیر اور گلگت بلتستان کے معاملات کا دائرۂ کار تین فریقین میں تقسیم کیا گیا تھا۔ اس معاہدے کو خفیہ رکھا گیا، جبکہ اجلاس میں گلگت بلتستان کا کوئی نمائندہ موجود نہیں تھا۔ اس معاہدے کی رو سے آزاد ہونے والے علاقوں کو انتظامی اعتبار سے دو حصوں، آزاد کشمیر اور شمالی علاقہ جات میں تقسیم کیا گیا تھا۔ یوں عالمی فورم پر گلگت بلتستان کو کشمیر کا حصہ ماننے والی حکومتِ پاکستان نے عملاً شمالی علاقہ جات کو آزاد کشمیر سے الگ کر دیا۔ اور معاملات کا نگران ایک وفاقی وزیر کو بنا دیا۔

"The Karachi Agreement is reported to have been signed on 28 April 1949 by:

Mushtaq Ahmed Gurmani, Pakistan's `Minister without Portfolio', in charge of the Ministry of Kashmir Affairs Sardar Mohammed Ibrahim Khan, the president of Azad Kashmir, and Chaudhry Ghulam Abbas, Head of All Jammu and Kashmir Muslim Conference. It set down the division of the powers between the two governments as well as the All Jammu and Kashmir Muslim Conference. Through the agreement, Azad Kashmir ceded to the Government of Pakistan complete control over Gilgit-Baltistan (then called the

"Northern Areas"), and the control over subjects of defence, foreign affairs and communications in its own area.

Part I of the agreement covered the structure and operation of the `Civil Administration of Azad Kashmir Area', which laid down the regulations for the Azad Kashmir government.

Part II dealt with financial arrangements by which Pakistan would advance money.

Part III was titled the `Division of functions between the Governments of Pakistan, the Azad Kashmir Government and the Muslim Conference'.

In the division of powers, the Pakistan government allocated to itself eight important matters including Defence, negotiations with the UNCIP, foreign policy, publicity in foreign countries, coordination of refugee relief and rehabilitation, coordination of all arrangements for a plebiscite, all activities within Pakistan with regard to Kashmir and, finally, all affairs of the `Gilgit and Ladakh areas' (which were then under the control of the political agent at Gilgit). Pakistan obtained the total control over the defence of the Pakistan-controlled Kashmir, including the `Azad Army'. It also took complete charge of relations with the Indian government and the Indian-controlled part of Jammu and Kashmir.

The Azad Kashmir government was allocated only five functions, three of which gave it responsibility for policy and administration of Azad Kashmir and fourth to develop its economic resources. The fifth function was to give `advice' to the Minister without Portfolio in charge of the Ministry of Kashmir Affairs in its negotiations with the UNCIP.

The Muslim Conference was allocated seven functions, six of which gave it responsibility to organise political activities within Azad Kashmir, the "Indian occupied areas of the State" and "among Kashmir refugees in Pakistan". These included activities for a plebiscite. The sixth function was to give "general guidance" to the Azad Kashmir government. The last function, identical to that of the Azad Kashmir government, was to give "advice" to the Minister without Portfolio in charge of the Ministry of Kashmir Affairs."

Written By: Sardar Naseem Iqbal Advocate,

Chairman Jammu Kashmir International Legal Watch,
Based in Nottingham UK (https://stateviews.com.pk/karachi-agreementbetween-pakistan-and-ajk-government/)

شمالی علاقہ جات میں بڑھتی ہوئی سیاسی بے چینی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے 1972ء سے لے کر 1975ء کے درمیان وزیرِ اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے متعدد اقدامات کئے اور وہاں کے سیاسی رہنماؤں سے ملاقات کے بعد انہیں انتظامی آزادی دیتے ہوئے ناردرن ایریا ایڈوائزری کونسل تشکیل دی اور یوں مقامی نمائندگی کا آغاز ہوا۔ جاگیرداری نظام اور ایف-سی-آر کا خاتمہ کرتے ہوئے انتظامی، قانونی اور سیاسی اصلاحات کا آغاز کیا اور اس علاقہ کو وفاق کے زیرِ انتظام شمالی علاقہ جات کا نام دیا۔ 1988ء میں محترمہ بے نظیر بھٹو نے ایک قدم آگے بڑھتے ہوئے ایڈوائزری کونسل کو ناردرن ایریا کونسل میں تبدیل کرتے ہوئے کچھ مزید اختیارات دیئے۔ انہوں نے اپنے دوسرے دور 1994ء میں لیگل فریم ورک آرڈر متعارف کرتے ہوئے ناردرن ایریا لیجسلیٹو کونسل کی تشکیل کی اور لیڈر آف دی ہاؤس کو ڈپٹی چیف ایگزیکٹو کا عہدہ دیا گیا۔

8 مارچ 1993ء کو آزاد کشمیر ہائی کورٹ کے تین ججوں نے 228 صفحات پر مشتمل ایک متفقہ فیصلے میں قرار دیا کہ گلگت وبلتستان پر مشتمل کشمیر کے شمالی علاقہ جات جو براہِ راست پاکستان کی نگرانی میں ہیں وہ آزاد کشمیر کا حصہ ہیں۔ عدالت نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور اقوام متحدہ کے کمیشن برائے ہندوستان اور پاکستان (UNCIP) کے سامنے پاکستان کے بیانات اور کشمیر کے بھارت کے ساتھ وابستگی پر اس کے اعتراض کا حوالہ دیا۔ فیصلہ میں سختی سے ریمارکس دیئے گئے:
"پاکستان کے کسی بھی صوبے میں شمالی علاقہ جات کے انضمام کی اجازت پاکستان میں اور سلامتی کونسل میں پاکستان کے موقف کی نفی کے مترادف ہوگی۔"

حکومت پاکستان کی طرف سے عدالت میں جمع کرائے گئے تحریری بیان کے پیراگراف 9 میں کہا گیا ہے: "یہ سچ ہے کہ شمالی علاقہ جات پاکستان کے علاقوں کا حصہ نہیں بنتے ہیں جس طرح 1973 کے آئین میں بیان کیا گیا ہے۔ تاہم، اس غلطی کی وجہ سے، یہ نتیجہ اخذ نہیں کیا جاسکتا ہے کہ مذکورہ علاقے آزاد جموں وکشمیر کے علاقوں کا حصہ ہیں۔"

عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ "ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ جواب دہندگان نمبر 1 (پاکستان) اور نمبر 2 (آزاد کشمیر) کی طرف سے، شمالی علاقوں اور ان کے رہائشیوں کو آزاد جموں وکشمیر سے الگ رکھنے کے لئے کوئی جائز وجہ پیش نہیں کی گئی ہے، اور من مانی انتظامی نظام کے ذریعہ ان کو بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے۔"

ہائیکورٹ کے اس فیصلے کو آزاد کشمیر کی سپریم کورٹ میں چیلنج کیا گیا۔ 14 ستمبر 1994ء کو آزاد کشمیر سپریم کورٹ نے اس معاملے پر 18 مارچ 1993 کے ہائی کورٹ کے فیصلے میں ترمیم کرتے ہوئے کہا کہ "اس میں کوئی شک نہیں کہ شمالی علاقہ جات ریاست جموں وکشمیر کا حصہ ہیں، لیکن آزاد کشمیر کا نہیں۔ لہذا، حکومت کو ان علاقوں کا انتظامی کنٹرول لینے کی ضرورت نہیں ہے۔" عدالت نے مزید قرار دیا کہ ہائیکورٹ کا یہ مؤقف کہ "14 اگست 1947 سے قبل شمالی علاقہ جات تاریخی اور آئینی طور پر ریاست جموں وکشمیر کا بنیادی اور لازم حصہ تھے اس نکتے پر ہائی کورٹ کی تحقیق، کسی قانونی کمزوری کا شکار نہیں ہے۔ یہاں تک کہ اس حقیقت کو وفاقِ پاکستان نے اس عدالت کے سامنے چیلنج نہیں کیا ہے۔ لہٰذا اس مؤقف کی تائید ہوتی ہے۔"

29 مئی 1999ء کو سپریم کورٹ آف پاکستان نے الجہاد ٹرسٹ کی طرف سے دائر کئے گئے مقدمے کے فیصلے میں قرار دیا:... "شمالی علاقہ جات ریاست جموں وکشمیر کا آئینی حصہ تھے... اور شمالی علاقوں کے عوام تمام تر مقاصد کے لئے پاکستان کے شہری ہیں۔ حکومت پاکستان کو یہ یقینی بنانا چاہئے کہ چھ ماہ کے اندر علاقوں میں بنیادی انسانی حقوق اور دیگر سیاسی اور انتظامی امور کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ تاہم، اس کارروائی سے تنازعہ کشمیر سے متعلق پاکستان کے مؤقف کو کسی طرح متاثر نہیں ہونا چاہئے۔"

28 اگست 2009ء کو حکومت پاکستان نے گلگت بلتستان امپاورمنٹ اور سیلف گورننس آرڈر، 2009 متعارف کرایا۔ اصلاحات پیکیج کو صدارتی حکم کے ذریعے متعارف کرایا گیا تھا جسے وفاقی کابینہ نے منظور کیا تھا اور پاکستان کی پارلیمان میں نمائندگی نہ ہونے کی وجہ سے شمالی علاقے کو کسی صوبے کی حیثیت سے قائم ہونے

کے لئے فوری طور پر عمل درآمد کے لئے پیش کیا گیا تھا۔ ان اصلاحات کے ذریعہ آزاد جموں وکشمیر کی طرح کا ایک نظام متعارف کرایا گیا اور گلگت بلتستان کونسل کا قیام عمل میں آیا جس کی سربراہی وزیر اعظم پاکستان کرتا ہے۔



مورخہ سوم ماہ ذوالحجۃ الحرام ۱۳۶۶ ہجری

پاکستان زندہ باد
اسلام تابندہ باد

از یاسین

بخدمت شریف پاکستان گورنمنٹ صوبہ سرحد گلگت

بعد از سلام سنت اسلام علی خیر الانام کے دائم خدمت میمون
اقدس این جانب معہ نو ہزار وفاداران اپنے رعایای یاسین (قوائے
غدار خاندان خوشوقت اور اپنے چند قلیل ہم خیال لوگوں کے) اول دلی
مبارکباد پیش کرتا ہوں اور بعد ہیں دین پاک اسلام
کی حمایت میں پاکستان حکومت کی ساتھ ہمہ تن حلف
جانثاری و وفاداری اظہار کرتے ہیں۔
اور بہ صدق دلی ویک جہتی کا خبر آپ کے ذریعہ جناب قائد اعظم محمد علی جناح
صاحب کے خدمت میں پہنچانے کا اپیل پیش کرتا ہوں والسلام

خدا پاکستان زندہ باد

بقلم خود الراقم احقر العباد راجہ میر محبوب خان گورنر یاسین

پاکستان زندہ باد

مکرمی و معظمی جناب صاحب بہادر پولیٹیکل ایجنٹ گلگت

میرا خاندان اور میرا رعایا بڑی خوشی سے پاکستان میں [illegible]
[illegible] آپ کو اور تمام مسلمانوں کو مبارکباد دیتے ہیں
[illegible]
راجہ [illegible]
گورنر پونیال

قائد اعظم محمد علی جناح کراچی
میں تمام اپنے پبلک کی طرف سے اعلان
کرتا ہوں کہ میرا ریاست حکومت پاکستان
میں شامل ہوا۔ مفصل حالات سے بعد میں
اطلاع کیا جائیگا۔

Shoukat Ali
Walie-Nagah
Pakistan.

Telegram by Wireless Telegraph Gilgit.
Dated the 3rd November 1947.

......

Qaidi Azam,
Governor General Pakistan.

I ~~decleer~~ declare with pleasure on behalf of ~~my~~-self and my State excession to Pakistan.

Mir of Hunza

666

Camp Gulmit the 3rd November 1947.

Mir of Hunza
Camp Gulmit.

....

Copy to the:/

1. His Highness Sir, Aga Khan C/O Aga Majid Khan Aga Saloon Bombay.
2. Colonel R.N.Bacon Political Agent Khybar, Khyber House Pehsawar.

May be released to the press.

......

بسم اللہ الرحمن الرحیم

MINISTRY OF FOREIGN AFFAIRS
ISLAMABAD

No. KA(II)-1/27/2006

26 April 2006

Subject: **<u>Accession documents of the States of Hunza, Nagar, Punyal and Yaseen.</u>**

Dear Justice Geelani,

This is with reference to our telephone conversation of this morning.

2. Accession documents of the States of Hunza, Nagar, Punyal and Yaseen are enclosed herewith.

Yours sincerely,

(Mariam Aftab)
Director (KA)
Tele: 9202787

<u>Encls: (as above)</u>

Justice Manzoor Geelani,
Judge Supreme Court,
Azad Jammu & Kashmir,
<u>Muzaffarabad</u>

اس مختصر جائزے میں چند تاریخی حوالہ جات کو سامنے رکھ کر تجزیہ کیا جائے تو بظاہر ایسا نظر آتا ہے کہ کچھ حوالہ جات نہ صرف فیصلہ ساز قوتوں کی نظروں سے اوجھل رہے ہیں بلکہ عدالتی کاروائی میں بھی زیرِ بحث نہیں لائے گئے۔ پھر یہ کہ گلگت بلتستان کے جن علاقوں پر کشمیر دربار اور برطانوی افواج نے عسکری کاروائیوں کے نتیجے میں قبضہ کیا تھا، انہوں نے جب آزاد کشمیر کی مدد کے بغیر اپنی جدوجہد سے آزادی حاصل کی اور ہنزہ، نگر، پنیال اور یاسین کے حکمرانوں نے کسی دباؤ کے بغیر پاکستان کے ساتھ الحاق کیا تو پھر ان کو ریاست جموں وکشمیر کا حصہ قرار دینا کس حد تک جائز ہے؟

References:

- Ahmad Hasan Dani, History of Northern Areas of Pakistan (Islamabad: National Institute of Historical and Cultural Research, 1991), pp. 116-117
- Bamzai, p. 73
- Bamzai, pp. 305-374
- Stobdan, pp. 38-40
- Rahman, pp. 11-12
- FM Hassnain, Gilgit: The Northern Gate of India (New Delhi: Sterling Publishers Pvt Ltd, 1978), p. 27
- A COLLECTION OF TREATIES. ENGAGEMENTS AND SANADS COMPILED BY C. U. AITCHISON, Page 245-248
- The Sikhs and Afghans 1839/ P. 94
- English Translation Of Gulabnama Of Diwan Kirpa Ram Persian History Of The Maharaja Gulab Singh by: Sukhdev Singh Charak / Page 92
- FOUNDING OF THE KASHMIR STATE / p. 32-33
- Indian Conquest of Himalayan Territories by Sukhdev Singh Charak / p. 40
- THE JUMMOO AND KASHMIR TERRITORIES By: FREDERIC DREW / page 12-13

دعاؤں کا طالب / محمد مشہود قاسمی

18 فروری 2021ء- کراچی